دفتر تعلقات عامه
جامعہ ہمدرد

پریس ریلیز

تاریخ :31 مارچ ،2020

چانسلر جامعہ ہمدرد سید شاہد مہدی کی اہلیہ کا انتقال

چانسلر جامعہ ہمدرد سید شاہد مہدی کی اہلیہ نکہت مقبول مہدی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے جامعہ ہمدرد گہرے رنج و دکھ کے ساتھ یہ اطلاع دے رہا ہے کہ سید شاہد مہدی چانسلر جامعہ ہمدرد کی اہلیہ نکہت مقبول مہدی،30 مارچ 2020 کو انتقال کر گئیں۔ مسز مہدی کی موت ہم سب کے لئے بہت بڑا نقصان ہے۔

مسز مہدی بہتر سوج بوجھ رکھنے والی خاتون تھیں،اور فراخ دل بھی تھیں اور اردو شاعری اور ادب سے ان کی محبت قابل ستائش تھی۔ جامعہ ہمدرد مہدی خاندان کے تمام رشتے داروں اور دوستوں سے گہری تعزیت اور ہمدردکا اظہار کرتا ہے، اور ان کو صبر جمیل کی تلقین کرتا ہے۔ پوری جامعہ ہمدرد کمیونٹی کی جانب سے ، ہم ان کے اہل خانہ اور پیاروں سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں جو اس خبر سے متاثر ہوئے ہیں۔ ان کے انتقال سے ایک بڑا خلا پیدا ہوگیا ہے جسے آنے والے وقت میں پورا کرنا مشکل ہے۔

ہم سب اللہ تعالی سے دعا کرتے ہیں کہ دکھ کی اس گھڑی میں پورے مہدی خاندان کو اس ناقابل تسخیر نقصان سے نکلنے کے لئے تسلی اور طاقت عطا کرے ،اور انھیں صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

گلزار احمد
عوامی تعلقات افسر
جامعہ ہمدرد